## Lesson 13: An-Nisa (Ayaat 135 - 147): Day 39 سُوۡرَۃُ النِّسَاء کی تفسیر

ع ﴿۱۳۴﴾ يَاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا كُوۡنُوۡا قَوّٰمِيۡنَ بِالۡقِسۡطِ

| | يَاَيُّهَا | الَّذِيۡنَ | اٰمَنُوۡا | كُوۡنُوۡا | قَوّٰمِيۡنَ | بِالۡقِسۡطِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | ہو جاؤ تم | قائم رہنے والے | ساتھ انصاف کے |

اے ایمان والو! انصاف پر قائم رہو اور اللہ کے لیے سچی

شُهَدَآءَ لِلّٰهِ وَلَوۡ عَلٰٓى اَنۡفُسِكُمۡ اَوِ الۡوَالِدَيۡنِ

| شُهَدَآءَ | لِلّٰهِ | وَلَوۡ | عَلٰٓى | اَنۡفُسِكُمۡ | اَوِ | الۡوَالِدَيۡنِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گواہی دینے والے | واسطے اللہ کے | اور اگرچہ | اوپر | جانوں اپنی کے ہو | یا | اوپر ماں باپ کے |

گواہی دو خواہ (اس میں) تمہارا یا تمہارے ماں باپ

وَالۡاَقۡرَبِيۡنَ ۚ اِنۡ يَّكُنۡ غَنِيًّا اَوۡ فَقِيۡرًا فَاللّٰهُ اَوۡلٰى بِهِمَا ۖ

| وَالۡاَقۡرَبِيۡنَ | اِنۡ | يَّكُنۡ | غَنِيًّا | اَوۡ | فَقِيۡرًا | فَاللّٰهُ | اَوۡلٰى | بِهِمَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور قرابت والوں کے | اگر | ہو وہ | دولت مند | یا | فقیر | پس اللہ | بہت مہربان ہے | ساتھ انکے |

اور رشتہ داروں کا نقصان ہی ہو۔ اگر کوئی امیر ہے یا فقیر تو اللہ اُن کا خیر خواہ ہے۔

فَلَا تَتَّبِعُوا الۡهَوٰٓى اَنۡ تَعۡدِلُوۡا ۚ وَ اِنۡ تَلۡوٗۤا اَوۡ تُعۡرِضُوۡا

| فَلَا | تَتَّبِعُوا | الۡهَوٰٓى | اَنۡ تَعۡدِلُوۡا | وَ | اِنۡ | تَلۡوٗۤا | اَوۡ | تُعۡرِضُوۡا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس مت | پیروی کرو | خواہش کی | انصاف کرنے میں | اور | اگر | پیچ دو | یا | اعراض کرو |

تو تم خواہش نفس کے پیچھے چل کر عدل کو نہ چھوڑ دینا۔ اگر تم پیچ دار شہادت دو گے یا (شہادت سے) بچنا چاہو گے

فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ خَبِيۡرًا ﴿۱۳۵﴾ يَاَيُّهَا الَّذِيۡنَ

| فَاِنَّ | اللّٰهَ | كَانَ | بِمَا | تَعۡمَلُوۡنَ | خَبِيۡرًا | يَاَيُّهَا | الَّذِيۡنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پس بے شک | اللہ | ہے | ساتھ اس چیز کے کہ | تم کرتے ہو | خبردار | اے | لوگو جو |

تو (جان رکھو) اللہ تمہارے سب کاموں سے واقف ہے﴿۱۳۵﴾ مومنو! اللہ پر

اٰمَنُوۡۤا اٰمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَ الۡكِتٰبِ الَّذِىۡ نَزَّلَ عَلٰى

| اٰمَنُوۡۤا | اٰمِنُوۡا | بِاللّٰهِ | وَرَسُوۡلِهٖ | وَ | الۡكِتٰبِ | الَّذِىۡ | نَزَّلَ | عَلٰى |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ایمان لائے ہو | ایمان لاؤ | ساتھ اللہ کے | اور اس کے رسول کے | اور | کتاب کے | جو | اتاری ہے | اوپر |

اور اُس کے رسول پر اور جو کتاب اس نے اپنے پیغمبر (آخرالزماں ﷺ) پر نازل کی ہے

رَسُوْلِهٖ وَ الْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَ مَنْ يَّكْفُرْ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| رَسُوْلِهٖ | وَ | الْكِتٰبِ | الَّذِيْٓ | اَنْزَلَ | مِنْ | قَبْلُ | وَ | مَنْ | يَّكْفُرْ |
| رسول اپنے کے | اور | کتاب کے | جو کہ | اتاری ہے | سے | پہلے اس | اور | جو کوئی | کفر کرے |

اور جو کتابیں اس سے پہلے نازل کی تھیں سب پر ایمان لاؤ۔ اور جو شخص اللہ

بِاللّٰهِ وَ مَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَ رُسُلِهٖ وَ الْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بِاللّٰهِ | وَ | مَلٰٓئِكَتِهٖ | وَكُتُبِهٖ | وَ | رُسُلِهٖ | وَ | الْيَوْمِ | الْاٰخِرِ | فَقَدْ |
| ساتھ اللہ کے | اور | اس کے فرشتوں کے | اور اسکی کتابوں کے | اور | اس کے رسولوں کے | اور | دن | آخرت کے | پس تحقیق |

اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے پیغمبروں اور روز قیامت سے انکار کرے

ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا ﴿۱۳۶﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ضَلَّ | ضَلٰلًاۢ | بَعِيْدًا | اِنَّ | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | ثُمَّ | كَفَرُوْا | ثُمَّ |
| وہ گمراہ ہوا | گمراہی | دور کی | بیشک | وہ لوگ جو | ایمان لائے | پھر | کافر ہوگئے | پھر |

وہ رستے سے بھٹک کر دور جا پڑا (۱۳۶) جو لوگ ایمان لائے پھر کافر ہو گئے۔ پھر

اٰمَنُوْا ثُمَّ كَفَرُوْا ثُمَّ ازْدَادُوْا كُفْرًا لَّمْ يَكُنِ اللّٰهُ لِيَغْفِرَ

| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اٰمَنُوْا | ثُمَّ | كَفَرُوْا | ثُمَّ | ازْدَادُوْا | كُفْرًا | لَّمْ | يَكُنِ | اللّٰهُ | لِيَغْفِرَ |
| ایمان لائے | پھر | کافر ہوگئے | پھر | زیادہ ہوئے | کفر میں | ہرگز نہیں | ہے | اللہ | کہ بخشے |

ایمان لائے پھر کافر ہو گئے پھر کفر میں بڑھتے گئے ان کو اللہ نہ تو بخشے گا

لَهُمْ وَ لَا لِيَهْدِيَهُمْ سَبِيْلًا ﴿۱۳۷﴾ بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لَهُمْ | وَ | لَالِيَهْدِيَهُمْ | سَبِيْلًا | بَشِّرِ | الْمُنٰفِقِيْنَ | بِاَنَّ | لَهُمْ |
| ان کو | اور | نہ یہ کہ دکھادے ان کو | راہ | خوش خبری دے | منافقوں کو | ساتھ اس کے کہ | واسطے انکے |

اور نہ سیدھا رستہ دکھائے گا (۱۳۷) (اے پیغمبر) منافقوں (یعنی دورخے لوگوں) کو بشارت سنا دو کہ ان کے لیے

عَذَابًا اَلِيْمَا ﴿۱۳۸﴾ الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| عَذَابًا | اَلِيْمًا | الَّذِيْنَ | يَتَّخِذُوْنَ | الْكٰفِرِيْنَ | اَوْلِيَآءَ |
| عذاب ہے | درد دینے والا | وہ لوگ جو | پکڑتے ہیں | کافروں کو | دوست |

دکھ دینے والا عذاب (تیار) ہے (۱۳۸) جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو

مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَيَبْتَغُوْنَ عِنْدَهُمُ الْعِزَّةَ فَاِنَّ

| مِنْ دُوْنِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | اَيَبْتَغُوْنَ | عِنْدَهُمُ | الْعِزَّةَ | فَاِنَّ |
|---|---|---|---|---|---|
| سوائے | مومنوں کے | کیا ڈھونڈتے ہیں | پاس ان کے | عزت | پس بیشک |

دوست بناتے ہیں۔ کیا یہ اُن کے ہاں عزت حاصل کرنی چاہتے ہیں تو عزت

الْعِزَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۝١٣٩ وَقَدْ نَزَّلَ عَلَيْكُمْ فِي الْكِتٰبِ اَنْ اِذَا

| الْعِزَّةَ | لِلّٰهِ | جَمِيْعًا | وَ | قَدْ | نَزَّلَ | عَلَيْكُمْ | فِي | الْكِتٰبِ | اَنْ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| عزت | واسطے اللہ کے ہے | سب | اور | تحقیق | اتارا | اوپر تمہارے | بیچ | کتاب کے | یہ کہ | جب |

تو سب اللہ ہی کی ہے (۱۳۹) اور اللہ نے تم (مومنوں) پر اپنی کتاب میں (یہ حکم) نازل فرمایا ہے کہ جب

سَمِعْتُمْ اٰيٰتِ اللّٰهِ يُكْفَرُ بِهَا وَيُسْتَهْزَاُ بِهَا فَلَا تَقْعُدُوْا

| سَمِعْتُمْ | اٰيٰتِ | اللّٰهِ | يُكْفَرُ | بِهَا | وَ | يُسْتَهْزَاُ | بِهَا | فَلَا | تَقْعُدُوْا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| سنو تم | آیتیں | اللہ کی | جھٹلایا جاتا ہے | اس کو | اور | ٹھٹھا کیا جاتا ہے | اس کا | پس مت | بیٹھو |

تم (کہیں) سنو کہ اللہ کی آیتوں سے انکار ہو رہا ہے اور ان کی ہنسی اڑائی جاتی ہے

مَعَهُمْ حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِيْ حَدِيْثٍ غَيْرِهٖٓ ڮ اِنَّكُمْ اِذًا

| مَعَهُمْ | حَتّٰى | يَخُوْضُوْا | فِيْ | حَدِيْثٍ | غَيْرِهٖٓ | اِنَّكُمْ | اِذًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ساتھ ان کے | یہاں تک کہ | بحث کریں | بیچ | بات کے | سوائے اس کے | بے شک تم | اس وقت |

تو جب تک وہ لوگ اور باتیں (نہ) کرنے لگیں ان کے پاس مت بیٹھو ورنہ تم بھی انہیں جیسے ہو جاؤ گے۔

مِّثْلُهُمْ ۭ اِنَّ اللّٰهَ جَامِعُ الْمُنٰفِقِيْنَ وَالْكٰفِرِيْنَ فِيْ

| مِّثْلُهُمْ | اِنَّ | اللّٰهَ | جَامِعُ | الْمُنٰفِقِيْنَ | وَالْكٰفِرِيْنَ | فِيْ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| مانند ان کے ہو | بے شک | اللہ | جمع کرنے والا ہے | منافقوں کو | اور کافروں کو | بیچ |

کچھ شک نہیں کہ اللہ منافقوں اور کافروں سب کو دوزخ میں

جَهَنَّمَ جَمِيْعَۨا ۝١٤٠ الَّذِيْنَ يَتَرَبَّصُوْنَ بِكُمْ ۚ فَاِنْ كَانَ

| جَهَنَّمَ | جَمِيْعًا | الَّذِيْنَ | يَتَرَبَّصُوْنَ | بِكُمْ | فَاِنْ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| دوزخ کے | سب کو | وہ لوگ کہ | انتظار کرتے ہیں | ساتھ تمہارے | پس اگر | ہوئی |

اکٹھا کرنے والا ہے (۱۴۰) جو تم کو دیکھتے رہتے ہیں۔ اگر اللہ کی طرف سے تم کو فتح

لَكُمْ فَتْحٌ مِّنَ اللّٰهِ قَالُوْٓا اَلَمْ نَكُنْ مَّعَكُمْ ۖ وَ اِنْ كَانَ

| لَكُمْ | فَتْحٌ | مِّنَ | اللّٰهِ | قَالُوْٓا | اَلَمْ | نَكُنْ | مَّعَكُمْ | وَ | اِنْ | كَانَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے تمہارے | فتح | طرف سے | اللہ کی | کہتے ہیں | کیا نہ | تھے ہم | ساتھ تمہارے | اور | اگر | ہو |

ملے تو کہتے ہیں کیا ہم تمہارے ساتھ نہ تھے اور اگر کافروں کو (فتح)

لِلْكٰفِرِيْنَ نَصِيْبٌ ۙ قَالُوْٓا اَلَمْ نَسْتَحْوِذْ عَلَيْكُمْ وَ نَمْنَعْكُمْ

| لِلْكٰفِرِيْنَ | نَصِيْبٌ | قَالُوْٓا | اَلَمْ | نَسْتَحْوِذْ | عَلَيْكُمْ | وَ | نَمْنَعْكُمْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| واسطے کافروں کے | کچھ حصہ | کہتے ہیں | کیا نہ | غالب آئے تھے | اوپر تمہارے | اور | نہ منع کیا تھا ہم نے تم کو |

نصیب ہو تو (ان سے) کہتے ہیں کہ کیا ہم تم پر غالب نہیں تھے اور تم کو

مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؕ فَاللّٰهُ يَحْكُمُ بَيْنَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

| مِّنَ | الْمُؤْمِنِيْنَ | فَاللّٰهُ | يَحْكُمُ | بَيْنَكُمْ | يَوْمَ | الْقِيٰمَةِ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سے | مسلمانوں | پس اللہ | فیصلہ کرے گا | درمیان تمہارے | دن | قیامت کے |

مسلمانوں (کے ہاتھ) سے بچایا نہیں۔ تو اللہ تم میں قیامت کے دن فیصلہ کردے گا۔

وَ لَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ لِلْكٰفِرِيْنَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ سَبِيْلًا ﴿١٤١﴾ ع

| وَ | لَنْ | يَّجْعَلَ | اللّٰهُ | لِلْكٰفِرِيْنَ | عَلَى | الْمُؤْمِنِيْنَ | سَبِيْلًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | ہرگز نہ | کرے گا | اللہ | واسطے کافروں کے | اوپر | مسلمانوں کے | راہ |

اور اللہ کافروں کو مومنوں پر ہرگز غلبہ نہیں دے گا (۳۱)

اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ يُخٰدِعُوْنَ اللّٰهَ وَ هُوَ خَادِعُهُمْ ۚ وَ اِذَا

| اِنَّ | الْمُنٰفِقِيْنَ | يُخٰدِعُوْنَ | اللّٰهَ | وَ | هُوَ | خَادِعُهُمْ | وَ | اِذَا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بے شک | منافقین | دھوکا دیتے ہیں | اللہ کو | اور | وہ | فریب دینے والا ہے ان کو | اور | جب |

منافق (ان چالوں سے اپنے نزدیک) اللہ کو دھوکا دیتے ہیں (یہ اس کو کیا دھوکا دیں گے) وہ انہیں کو دھوکے میں ڈالنے والا ہے

قَامُوْٓا اِلَى الصَّلٰوةِ قَامُوْا كُسَالٰى ۙ يُرَآءُوْنَ النَّاسَ

| قَامُوْٓا | اِلَى | الصَّلٰوةِ | قَامُوْا | كُسَالٰى | يُرَآءُوْنَ | النَّاسَ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کھڑے ہوتے ہیں | طرف | نماز کے | کھڑے ہوتے ہیں | کاہلی سے | دکھلاتے ہیں | لوگوں کو |

اور جب یہ نماز کو کھڑے ہوتے ہیں تو ست اور کاہل ہو کر (صرف) لوگوں کے دکھانے کو

وَ لَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۱۴۲﴾ مُّذَبْذَبِيْنَ بَيْنَ ذٰلِكَ

| وَ | لَا | يَذْكُرُوْنَ | اللّٰهَ | اِلَّا | قَلِيْلًا | مُّذَبْذَبِيْنَ | بَيْنَ | ذٰلِكَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اور | نہیں | یاد کرتے | اللہ کو | مگر | تھوڑے | اَدھر میں لٹکتے ہیں | درمیان | اس کے |

اور اللہ کی یاد ہی نہیں کرتے مگر بہت کم ﴿۱۴۲﴾ بیچ میں پڑے لٹک رہے ہیں

لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ وَ لَآ اِلٰى هٰٓؤُلَآءِ ۭ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَلَنْ

| لَآ | اِلٰى | هٰٓؤُلَآءِ | وَ | لَآ | اِلٰى | هٰٓؤُلَآءِ | وَمَنْ | يُّضْلِلِ | اللّٰهُ | فَلَنْ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| نہ | طرف | ان کی | اور | نہ | طرف | اُن کی | اور جس کو | گمراہ کرے | اللہ | پس ہرگز نہ |

نہ اُن کی طرف (ہوتے ہیں) نہ اِن کی طرف۔ اور جس کو اللہ بھٹکائے تو تم اس کے لیے

تَجِدَ لَهٗ سَبِيْلًا ﴿۱۴۳﴾ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا

| تَجِدَ | لَهٗ | سَبِيْلًا | يٰٓاَيُّهَا | الَّذِيْنَ | اٰمَنُوْا | لَا | تَتَّخِذُوا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| پائے گا تو | واسطے اس کے | راہ | اے | لوگو جو | ایمان لائے ہو | مت | پکڑو |

کبھی بھی رستہ نہ پاؤ گے ﴿۱۴۳﴾ اے اہل ایمان! مومنوں کے سوا

الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۭ اَتُرِيْدُوْنَ

| الْكٰفِرِيْنَ | اَوْلِيَآءَ | مِنْ دُوْنِ | الْمُؤْمِنِيْنَ | اَتُرِيْدُوْنَ |
|---|---|---|---|---|
| کافروں کو | دوست | سوائے | مسلمانوں کے | کیا چاہتے ہو تم |

کافروں کو دوست نہ بناؤ۔ کیا تم چاہتے ہو کہ

اَنْ تَجْعَلُوْا لِلّٰهِ عَلَيْكُمْ سُلْطٰنًا مُّبِيْنًا ﴿۱۴۴﴾ اِنَّ الْمُنٰفِقِيْنَ

| اَنْ | تَجْعَلُوْا | لِلّٰهِ | عَلَيْكُمْ | سُلْطٰنًا | مُّبِيْنًا | اِنَّ | الْمُنٰفِقِيْنَ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| یہ کہ | کرو | واسطے اللہ کے | اوپر تمہارے | غلبہ | ظاہر | بے شک | منافق |

اپنے اوپر اللہ کا صریح الزام لو ﴿۱۴۴﴾ کچھ شک نہیں کہ منافق لوگ

فِي الدَّرْكِ الْاَسْفَلِ مِنَ النَّارِ ۚ وَلَنْ تَجِدَ لَهُمْ نَصِيْرًا ﴿۱۴۵﴾

| فِي | الدَّرْكِ | الْاَسْفَلِ | مِنَ | النَّارِ | وَ | لَنْ | تَجِدَ | لَهُمْ | نَصِيْرًا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| بیچ | درجے | نیچے کے | سے | آگ | اور | ہرگز نہ | پائے گا تو | واسطے ان کے | مددگار |

دوزخ کے سب سے نچلے درجے میں ہوں گے اور تم ان کا کسی کو مددگار نہ پاؤ گے ﴿۱۴۵﴾

إِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا وَاَصْلَحُوْا وَ اعْتَصَمُوْا بِاللّٰهِ وَ اَخْلَصُوْا

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| إِلَّا | الَّذِيْنَ | تَابُوْا | وَاَصْلَحُوْا | وَ | اعْتَصَمُوْا | بِاللّٰهِ | وَ | اَخْلَصُوْا |
| مگر | جن لوگوں نے | توبہ کی | اور اپنی اصلاح کی | اور | مضبوط پکڑا | اللہ کو | اور | خالص کیا |

ہاں جنہوں نے توبہ کی اور اپنی حالت کو درست کیا اور اللہ (کی رسی) کو مضبوط پکڑا اور خاص اللہ کے

دِيْنَهُمْ لِلّٰهِ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الْمُؤْمِنِيْنَ ط وَ سَوْفَ يُؤْتِ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| دِيْنَهُمْ | لِلّٰهِ | فَاُولٰٓئِكَ | مَعَ | الْمُؤْمِنِيْنَ | وَ | سَوْفَ | يُؤْتِ |
| اپنے دین کو | واسطے اللہ کے | پس یہ لوگ | ساتھ | مسلمانوں کے ہیں | اور | جلد | دے گا |

حکم بردار ہو گئے تو ایسے لوگ مومنوں کے زمرے میں ہوں گے۔ اور اللہ عنقریب

اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ اَجْرًا عَظِيْمًا ﴿١٤٦﴾ مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اللّٰهُ | الْمُؤْمِنِيْنَ | اَجْرًا | عَظِيْمًا | مَا | يَفْعَلُ | اللّٰهُ | بِعَذَابِكُمْ |
| اللہ | ایمان والوں کو | ثواب | بڑا | کیا | کرے گا | اللہ | عذاب کر کر تم کو |

مومنوں کو بڑا ثواب دے گا﴿١٤٦﴾ اگر تم (اللہ کے) شکرگزار ہو اور (اس پر) ایمان لے آؤ

اِنْ شَكَرْتُمْ وَ اٰمَنْتُمْ ط وَ كَانَ اللّٰهُ شَاكِرًا عَلِيْمًا ﴿١٤٧﴾

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| اِنْ | شَكَرْتُمْ | وَ | اٰمَنْتُمْ | وَ | كَانَ | اللّٰهُ | شَاكِرًا | عَلِيْمًا |
| اگر | شکر کرو گے تم | اور | ایمان لاؤ گے تم | اور | ہے | اللہ | قدردان | جاننے والا |

تو اللہ تم کو عذاب دے کر کیا کرے گا۔ اور اللہ تو قدرشناس (اور) دانا ہے﴿١٤٧﴾